2025-03-06

Hrs 08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---------------------------------------------------

1- حکومت نے، اتراکھنڈ میں سون پریاگ سے کیدارناتھ اور گووِند گھاٹ سے ہیمکُنڈ صاحب تک روپ وے کے دو پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی آج اتراکھنڈ کا ایک دن کا دورہ کریں گے۔ جناب مودی Harsil میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ امریکہ میں ٹرمپ انتظامیہ کثیر قطبیت کی سَمت آگے بڑھ رہا ہے، جو بھارت کے مفاد کے عین مطابق ہے۔

4- امریکہ نے فوجی امداد روک دیے جانے کے بعد اب یوکرین کے ساتھ انٹیلی جنس کے اشتراک کو بھی روک دیا ہے۔

5- کھیلو انڈیا پیرا گیمس 2025 اس مہینے کی 20 تاریخ سے نئی دلّی میں منعقد ہوں گے۔

6- اور چیمپئنس ٹرافی کرکٹ میں نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ کو 50 رن سے شکست دے کر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ فائنل میں نیوزی لینڈ اور بھارت کا مقابلہ ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. Cabinet Briefing

سرکار نے سون پریاگ سے کیدارناتھ تک 12 اعشاریہ 9 کلومیٹر طویل روپ وے تیار کرنے کی منظوری دی ہے۔ نئی دلی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ پروجیکٹ کی مجموعی لاگت 4 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ ہوگی۔

سون پریاگ سے کیدارناتھ اور گووِند گھاٹ سے ہیمکُنڈ صاحب جی تک کے اِن دو روپ وے کی تعمیر سے عقیدت مندوں کے لیے 8 سے 9 گھنٹے کے سفر کا وقت کم ہوکر 36 منٹ کا ہو جائے گا۔

وزیر موصوف نے تقریباً 12 اعشاریہ 4 کلو میٹر طویل ہیمکنڈ صاحب روپ وے کے بارے میں بھی بتایا، جو دو ہزار 730 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیا جائے گا۔

S/B- Ashwani Vaishnaw Kedanath Ropeway

حکومت نے مویشیوں کی صحت اور بیماریوں کی روک تھام سے متعلق بھی فیصلے لیے ہیں، جس پر تین ہزر 880 کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔×

PM Cabinet

وزیراعظم نریندر مودی نے کابینہ کے فیصلوں کی ستائش کی ہے۔ سوشل میڈیا پر سلسلے وار پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ کابینہ نے اتراکھنڈ میں دو نئے روپ وے کی تعمیر کی منظوری دے کر کل اہم فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ Sonparyag سے کیدارناتھ تک اور گووند گھاٹ سے ہیمکنڈ صاحب جی تک اِن روپ وے کی تعمیر سے نہ صرف عقیدتمندوں کے وقت کی بچت ہوگی بلکہ اِس سے اُن کا سفر اور آسان ہوگا۔ جناب مودی نے کہا کہ مویشیوں کی صحت اور بیماریوں کے کنٹرول سے متعلق نظرثانی شدہ پروگرام کی کابینہ کی منظوری سے بیماریوں پر قابو پانے، ٹیکہ کاری کو استحکام اور جانوروں کے لیے مناسب قیمتوں پر دواؤں کی دستیابی میں مدد ملے گی۔×

## Rev. PM Uttrakhand

وزیراعظم نریندر مودی اُتراکھنڈ کے ایک دن کے دورے پر آج صبح اُترکاشی پہنچیں گے۔ جناب مودی آج Harsil میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

اپنے دورے کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی ماں گنگا کی سرمائی قیام گاہ Mukhwa گاؤں کا دورہ کریں گے، جہاں وہ پوجا ارچنا کریں گے۔ اس کے بعد جناب مودی مُکھوا Viewpoint سے ہمالیہ کا نظارہ کریں گے اور Harsil میں اتراکھنڈ سرمائی سیاحتی نمائش کا بھی جائزہ لیں گے۔ ساتھ ہی جناب مودی ایڈوینچر اسپورٹس ریلیوں اور ٹریکنگ کی مہم کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے اور ایک عوامی جلسے سے بھی خطاب کریں گے۔

اُن کے دورے سے قبل سکیورٹی اور انتظامی بندوبست کو قطعی شکل دی گئی ہے۔ جناب مودی کا یہ دورہ اتراکھنڈ میں سیاحت کو فروغ دینے اور اسے سرمائی سیاحتی مقامات کے طور پر قومی شناخت دیے جانے کی سَمت ایک اہم قدم کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کے دورے سے ریاست کی اقتصادی ترقی میں تیزی آئے گی۔

خبرنامے کے لیے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ میں ...........

## J&K Economics Survey

جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، جن کے پاس خزانے کا محکمہ بھی ہے، آج قانون ساز اسمبلی میں اقتصادی جائزہ پیش کریں گے۔ اسمبلی میں جناب عبداللہ کے ذریعے عام بجٹ پیش کیے جانے سے ایک دن قبل آج ایوان میں سال 2024-25 کا اقتصادی جائزہ پیش کیا جا رہا ہے۔

## Arunachal Budget Sessionّ

اروناچل پردیش قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس آج گورنر کے خطاب کے ساتھ شروع ہوگا۔ اروناچل پردیش اشیاء اور خدمات ٹیکس ترمیمی بل 2025، اروناچل پردیش Arun Parivar Patra Authorty Bill 2025، اروناچل پردیشPublic Premises ترمیمی بل 2025 اور اروناچل پردیش Flood Plain Zoning Bill 2025 آج ریاستی اسمبلی میں متعارف کیا جائے گا۔ پانچ روزہ اسمبلی اجلاس 12 مارچ کو ختم ہوگا۔×

## BKI Terrorist

اترپردیش کے کوشامبی ضلعے سے UP اسپیشل ٹاسک فورس اور پنجاب پولیس نے آج علی الصبح پاکستان کی ISI سے مبینہ تعلقات کی بنا پر ببر خالصہ انٹر نیشنل کے سرگرم دہشت گرد کو گرفتار کرلیا ہے۔ مشتبہ دہشت گرد کا نام لاجر مسیح ہے جو پنجاب کے امرتسر ضلعے کے رام داس علاقے کے کُرلیان گاؤں کا رہنے والا ہے۔ اِسے صبح تین بجے کر 20 منٹ پر گرفتار کیا گیا۔ اترپردیش پولیس کی اسپیشل ٹاسک فورس، امن و قانون کے ایڈیشنل ڈائیرکٹر جنرل امیتابھ یَش نے بتایا کہ یہ آپریشن کوشامبی کے کوکھ راج پولیس اسٹیشن کی حدود میں انجام دیا گیا۔ انھوں نے بتایا کہ دستیاب معلومات کے مطابق گرفتار کیا گیا دہشت گرد، جرمنی سے چلائے جا رہے ببر خالصہ انٹرنیشنل کے ماڈیول کے سربراہ Swarn سنگھ عرف جیون فوجی کے لیے کام کرتا تھا اور یہ پاکستان میں مقیم ISI کے آلہ کاروں کے سیدھے رابطوں میں تھا۔ UP ٹاسک فورس نے گرفتار کیے گئے دہشت گرد سے دھماکہ خیز مواد اور غیر قانونی ہتھیار بھی ضبط کیے ہیں۔ ADG نے بتایا کہ یہ دہشت گرد گذشتہ سال 24 ستمبر کو پنجاب میں عدالتی تحویل سے بھاگ نکلا تھا۔x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## Rev Jaishankar Trump Admin

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے تحت امریکی انتظامیہ کثیر قطبیت کی سَمت آگے بڑھ رہا ہے، جو بھارت کے مفاد کے عین مطابق ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ صدر ٹرمپ کے تحت امریکہ

کی خارجہ پالیسی میں بدلاؤ کا امکان تھا اور یہ کئی معنوں میں بھارت کے لیے موزوں ہے۔ وزیر خارجہ کل لندن کےChatham House Think Tank میں بھارت کا عروج اور دنیا میں کردار کے عنوان سے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ ڈاکٹر جے شنکر برطانیہ اور آئرلینڈ کے 6 روزہ دورے پر ہیں۔

S/B - Jaishankar on US

کشمیر میں، درپیش مسائل کو حل کرنے سے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دفعہ 370 کا ہٹایا جانا پہلا قدم اور کشمیر میں معاشی سرگرمیوں اور سماجی انصاف کے ذریعے ترقی کی بحالی دوسرا قدم ہے۔

ساتھ ہی رائے دہی کے زبردست تناسب کے ساتھ انتخابات کا انعقاد تیسرا قدم رہا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، پاکستان کی جانب سے ہتھیائے گئے کشمیر کو واپس لینے کا منتظر ہے، جو پاکستان کے غیر قانونی قبضے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب ایسا ہوگا، تب ہی کشمیر کا مسئلہ حل ہوگا۔

چین کے موضوع پر ڈاکٹر جے شنکر نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ تبت میں کیلاش پہاڑی یاترا کے راستے کو کھولے جانے سمیت اکتوبر 2024 سے کچھ مثبت پیش رفت ہوئی ہے۔ ×

US Ukrain Military Intelligence

امریکہ نے یوکرین کے ساتھ انٹیلی جنس کے اشتراک اور فوجی امداد کو روک دیا ہے۔ یہ اعلان یوکرین کی حکومت کو وہائٹ ہاؤس کے ساتھ تعاون کرنے پر مجبور کرنے کے منصوبے کا حصہ ہے۔ یہ منصوبہ یوکرین-روس جنگ ختم کرنے کے لیے  تیار کیا گیا ہے۔

CIA کے ڈائریکٹر John Ratcliffe اور قومی سلامتی کے مشیر مائیکل Waltz دونوں نے ہی انٹیلی جنس میں تعاون معطل کرنے کی تصدیق کی ہے، لیکن یہ بھی اشارہ دیا ہے کہ اگر یوکرین جلد ہی مذاکرات کی میز پر واپس آجائے تو یہ فیصلہ عارضی ہو سکتا ہے۔×

US Student Shot Dead

امریکہ میں، تلنگانہ کے ایک 27 سالہ طالب علم کو Milwaukee, Wisconsin میں نامعلوم افراد نے گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ پروین نام کا یہ طالب علم، جس کا تعلق رنگاریڈّی ضلعے کے شاد نگر حلقے میں Keshampet Mandal سے تھا۔ ماسٹرس پروگرام کا اپنا دوسرا سال کر رہا تھا اور ساتھ ہی پارٹ ٹائم جاب بھی کر رہا تھا۔ اس دردناک واقعے سے اُس کے کنبے کے اور کمیونٹی کے افراد کو گہرا صدمہ پہنچا ہے۔×

US Hamas

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے حماس کو الٹی میٹم دیتے ہوئے غزہ میں یرغمال بنائے سبھی افراد کی فوراً رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ساتھ ہی سبھی مقتول یرغمال افراد کی لاشوں کی بھی مانگ کی ہے۔ صدر ٹرمپ کا یہ انتباہ، وہائٹ ہاؤس کی جانب سے کی گئی اُس تصدیق کے کچھ ہی گھنٹوں بعد سامنے آیا ہے جس میں اُس نے کہا ہے کہ وہائٹ ہاؤس، جنگجو گروپ حماس کے ساتھ سیدھی بات چیت میں شامل تھا۔

اِس قدم کو امریکہ کی پالیسی میں یکسر تبدیلی مانا جا رہا ہے۔

صدر ٹرمپ نے اسرائیل کو ہر اُس ممکن امداد کی فراہمی کا عہد کیا جو حماس کے خاتمے کے لیے ضروری ہے۔ صدر ٹرمپ نے انتباہ دیا کہ اگر یرغمال افراد کو رہا نہیں کیا گیا تو حماس کا ایک بھی رکن محفوظ نہیں رہے گا۔

ٹرمپ نے صورتحال کو ہنگامی قرار دیتے ہوئے کہا کہ حماس کو یرغمال افراد کی رہائی میں تاخیر نہیں کرنی چاہیے، اور نہ ہی مارے گئے افراد کی لاشیں دینے میں دیر لگانی چاہیے۔ ڈونالڈ ٹرمپ نے مارے گئے یرغمال افراد کی لاشیں دینے میں تاخیر کے رویے کو بیمار ذہنیت قرار دیا۔x

## Pak Blast

پاکستان میں کل بلوچستان صوبے میں ایک مارکیٹ میں ہوئے دھماکے میں کم سے کم 4 افراد ہلاک اور 5 دیگر زخمی ہوگئے۔ پولیس نے بتایا ہے کہ دیسی ساخت کے اس بم کو ایک موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا، جسے Khuzdar کے Naal بازار میں کھڑا کیا گیا تھا۔ Naal پولیس اسٹیشن کے ہاؤس آفیسر بھاول خان پنڈرانی نے میڈیا کے ساتھ بات چیت میں ہلاکتوں کی تصدیق کی ہے۔×

## New IDF Chief

اِیال ضمیر نے اسرائیلی دفاعی افواج، IDF کے 24ویں سربراہ کا عہدہ سنبھال لیا ہے۔ انھوں نے انتباہ دیا ہے کہ اسرائیل کی کئی محاذوں پر لڑائی جاری رہ سکتی ہے اور وہ اپنے دشمنوں پر پوری قوت کے ساتھ حملے کرے گا۔ 59 سالہ ضمیر نے تل ابیب کے کِریا فوجی اڈے پر کمان کی تبدیلی کی تقریب میں نئی ذمہ داری سنبھالی۔ اسرائیلی حکومت نے 16 فروری کو ضمیر کے تقرر کو منظوری دی تھی۔ ایال ضمیر، Herzi Halevi کی جگہ لے رہے ہیں، جنھوں نے 7 اکتوبر 2023 کو حماس کی قیادت میں ہوئے حملے کے دوران اسرائیلیوں کے دفاع میں ناکامی کا اعتراف کرتے ہوئے استعفیٰ دے دیا تھا۔ وزارت دفاع میں ڈائریکٹر جنرل رہ چکے ضمیر نے سال 1985 میں فوج میں شمولیت اختیار کی تھی اور اگلے سال وہ ٹینک کمانڈر بن گئے تھے۔

عہدہ سنبھالنے کی تقریب کے دوران وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو، وزیر دفاع Israel Katz اور ضمیر کی اہلیہ نے اُن کے کندھوں پر نئے عہدے سے متعلق ستارے جڑے۔ وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا کہ ضمیرکا اہم مقصد حماس پر مکمل فتح حاصل کرنا ہے۔

ضمیر نے ایسے حساس وقت میں عہدہ سنبھالا ہے جب 19 جنوری کو حماس کے ساتھ ہوئی نازک جنگ بندی کا مستقبل غیر یقینی ہے۔ وہیں اسرائیل کے اہم حریف ایران کے ساتھ بھی کشیدگی بڑھ رہی ہے۔

## Trump Canada Tariff Hike

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو کے بارے میں کہا ہے کہ ٹروڈو کی جانب سے کیے گئے اقدامات، محصولات میں اضافے سے بچنے کے لیے ناکافی تھے۔ منصوبے کے مطابق 4 مارچ سے کینیڈا اور میکسیکو سے آرہی اشیا پر امریکہ میں 25 فیصد محصول عائد ہو چکے ہیں۔ وہیں چین کی درآمدات پر بھی 20 فیصد محصول نافذ ہو چکا ہے۔ امریکی صدر نے امریکہ میں غیر قانونی تارکینِ وطن اور Fentanyl کے داخلے کے لیے کینیڈا اور میکسیکو کو موردِ الزام ٹھہرایا۔ ساتھ ہی چین کو Fentanyl کا منبع قرار دیتے ہوئے اس کے پھیلاؤ کو روکنے میں ناکام رہنے پر چین کو نشانہ بنایا ہے۔ ٹرمپ نے محصولات میں اضافوں کے ردِّ عمل کے طور پر جوابی محصولات عائد کرنے کا انتباہ دیا ہے۔x

## Khelo India Para Games

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر من سکھ مانڈویا نے اعلان کیا ہے کہ کھیلو انڈیا پیرا گیمز 2025 نئی دلی میں اس مہینے کی 20 سے 27 تاریخ تک منعقد کئے جائیں گے۔ یہ کھیلو انڈیا پیرا گیمز کا دوسرا ایڈیشن ہوگا۔ ان کھیلوں میں بہت سے بین الاقوامی پیرا ایتھلیٹس حصہ لیں گے۔ چھے کھیلوں میں تقریباً 230 پیرا ایتھلیٹس حصہ لیں گے ان میں پیرس پیرا اولمپکس 2024 اور Hangzhou 2022 کے ایشیائی پیرا گیمس کے تمغے حاصل کرنے والے کھلاڑی شامل ہیں۔

## Cricket ICC Champion Trophy 2025

ائی سی سی چمپیئنس ٹرافی 2025 میں کل رات لاہور کے قدافی اسٹیڈئم میں نیوزیلینڈ نے دوسرے سیمی فائنل میں جنوبی افریقہ کو 50 رن سے ہرا دیا اب فائنل میں نیوزیلینڈ کا مقابلہ بھارت کے ہوگا۔ نیوزیلینڈ کی جانب سے جنوبی افریقہ کی جیت کیلئے ٹورنامنٹ کی تاریخ میں اب تک کا سبسے بڑا 363 رن کا نشانہ دیا گیا تھا۔ جنوبی افریقہ کی ٹیم مقررہ 50 اوورس میں 9 وکٹ پر 312 رن ہی بنا سکی۔

جنوبی افریقہ کی طرف سے David Miller نے بغیر اؤٹ ہوئے سب سے زیادہ 100 رن بنائے، اس کے بعد Rassie Van Der Dussen نے اونتر اور کپتان Temba Bavuma نے 56 رن بنائے نیوزیلینڈ کی طرف سے کپتان Mitchell Santner نے 3 وکٹ لیئے جبکہ Matt Henry اور Glenn Phillip نے دو دو کھیلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

اس سے قبل منگل کو دوبئی میں کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل میں بھارت آسٹریلیا کو 4 وکٹ سے ہرا کر فائنل میں پہنچا تھا۔×

## ISL Football

انڈین سپر لیگ فٹبال میں کل جے آر ڈی ٹاٹا اسپورٹس کمپلکس میں اوڈیشہ ایف سی نے جمشید پور ایف سی کو دو کے مقابلے تین گول سے ہرا دیا۔

اس جیت کے ساتھ اوڈیشہ ایف سی 33 پوائنٹس کے ساتھ چھٹے مقام پر پہنچ گیا ہے۔ لیکن اس کی لیگ مہم ختم ہو چکی ہے۔ اب اس کے آگے کھیلنے کا دارومدار ممبئی ایف سی کے باقی بچے دو میچوں کے ہار جانے پر منحصر ہے۔

آج حیدرآباد کے Gachibowli اسٹیڈیم میں حیدرآباد ایف سی کا مقابلہ شام ساڑھے سات بجے پنجاب ایف سی سے ہوگا۔ ×

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے دو روز کے دوران بہار، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکّم میں گرج چمک بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق اگلے دو سے تین روز کے دوران شمال مشرقی بھارت اور وِدربھ خطّے میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں بتدریج دو سے تین ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے کا امکان ہے۔

اس دوران دلّی سمیت شمال مغربی بھارت میں اگلے 24 گھنٹے کے دوران 35 سے 25 کلو فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ جنوبی بھارت میں، کیرالہ اور ماہے میں آج گرمی اور اُمس کا موسم رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......

شکریہ - رضوی

قومی راجدھانی دلی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے حکومت کی جانب سے پروت مالا پروجیکٹ کے تحت کیدارناتھ اور ہیم کنڈ صاحب تک روپ وے تعمیر کرنے کے اعلان کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق وزیراعظم مودی کی صدارت میں کابینہ کی اقتصادی امور سے متعلق کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیراعظم نریندر مودی کے اُس اعلان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے جس میں انھوں نے کہا ہے کہ غذائی تحفظ اور جینیاتی وسائل کو یقینی بنانے کے لیے جین بینک قائم کیا جائے گا۔ وزیراعظم مودی نے مابعد بجٹ ویبنار میں یہ بات کہی۔

روزنامہ انقلاب نے گذشتہ 9 مہینوں سے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن میں پھنسی بھارت نژاد خلا باز سنیتا ولیمز کے مارچ کے تیسرے ہفتے میں زمین پر واپس لوٹنے کے امکان کی خبر کو صفحہٴ اول کی شہ سرخی بنایا ہے۔

اخبار کے مطابق ناسا نے اطلاع دی ہے کہ وہ ولیمز سمیت دوسرے خلا باز کی واپسی کے تئیں پُرعزم ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے چین پر دس فیصد اضافی محصولات عائد کرنے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ وہیں چین نے بھی جوابی کارروائی کی دھمکی دی ہے۔

روزنامہ ملاپ نے آسٹریلیا کے کپتان اسٹیوا اسمتھ کی جانب سے ایک روزہ کرکٹ سے سبکدوشی کی خبر کو کھیلوں کے صفحے پر نمایاں جگہ دی ہے۔ اسمتھ نے چیمپینز ٹرافی کے سیمی فائنل میں بھارت کے ہاتھوں آسٹریلیا کی ہار کے بعد یہ اعلان کیا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- حکومت نے، اتراکھنڈ میں سون پریاگ سے کیدارناتھ اور گووِند گھاٹ سے ہیمکُنڈ صاحب تک روپ وے کے دو پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی آج اتراکھنڈ کا ایک دن کا دورہ کریں گے۔ جناب مودی Harsil میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ امریکہ میں ٹرمپ انتظامیہ کثیر قطبیت کی سَمت آگے بڑھ رہا ہے، جو بھارت کے مفاد کے عین مطابق ہے۔

4- امریکہ نے فوجی امداد روک دیے جانے کے بعد اب یوکرین کے ساتھ انٹیلی جنس کے اشتراک کو بھی روک دیا ہے۔

5- کھیلو انڈیا پیرا گیمس 2025 اس مہینے کی 20 تاریخ سے نئی دلّی میں منعقد ہوں گے۔

6- اور چیمپئنس ٹرافی کرکٹ میں نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ کو 50 رن سے شکست دے کر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ فائنل میں نیوزی لینڈ اور بھارت کا مقابلہ ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔